لیول ون کوچنگ کورس کل سے شروع ہو گا

- چھ انٹر نیشنل خواتین کر کٹرز بھی شریک

لاہور16نومبر،2023:

پاکستان کر کٹ بورڈ کے زیر اہتمام چار روزہ لیول ون کوچنگ کورس کل سے نیشنل کر کٹ اکیڈمی لاہور میں شروع ہو رہا ہے جو پاکستان کر کٹ بورڈ کے ویمنز ونگ کی ان کوششوں کا حصہ ہے جس کا مقصد خواتین کر کٹرز کو پاکستانی کر کٹ کے قومی دھارے میں شامل رکھنا ہے۔

اس کورس میں 29 خواتین حصہ لے رہی ہیں جن میں چھ انٹر نیشنل کر کٹرز گل فیروزہ (دوٹی ٹوئنٹی انٹر نیشنل) کائنات حفیظ (ایک ون ڈے انٹر نیشنل) رامین شمیم (تین ون ڈے چار ٹی ٹوئنٹی) سدرہ نواز (67 ون ڈے 56 ٹی ٹوئنٹی) سکھن فیض (دو ون ڈے انٹر نیشنل) سیدہ عروب شاہ (دو ون ڈے سات ٹی ٹوئنٹی) شامل ہیں۔

اس چار روزہ کورس کی نگرانی نیشنل کر کٹ اکیڈمی کے کوچز عمران عباس۔ راحت عباس شاہد محبوب اور عمر رشید کریں گے ان کے علاوہ پاکستان ویمنز ٹیم کے کوچز محتشم رشید اور محسن کمال بھی شامل ہونگے۔

کورس کے اختتام پر شرکا کو اسائنمنٹ دیے جائیں گے جنہیں تین ماہ میں مکمل کرنا ہو گا کامیاب شرکا کو لیول ون کوچنگ سر ٹیفکیٹس دیے جائیں گے۔

اس کورس میں کوچنگ کی بنیادی باتیں بتائی جائیں گی۔

ویمنز کرکٹ کی ہیڈ ثانیہ ملک کا کہنا ہے کہ یہ کورس خواتین کرکٹ میں موجود ٹیلنٹ کو ابھارنے اور اس کی اہمیت میں اضافے کے ضمن میں اہم مددگار ثابت ہوگا۔ یہ کورس اس بات کا بھی ثبوت ہے کہ پاکستان کرکٹ بورڈ خواتین کرکٹ کے لیے بہترین انفرا اسٹرکچر فراہم کرنے کے لیے کوشاں ہے اور چاہتا ہے کہ ان کرکٹرز کو کوچنگ کے لیے درکار مہارت اور معلومات فراہم کی جائیں تاکہ وہ کوچنگ میں اپنا کردار بھرپور انداز سے ادا کرسکیں اور یہ بات خوش آئند ہے کہ ہماری انٹرنیشنل کرکٹرز بھی اس کورس میں شریک ہورہی ہیں اور ان کی شرکت سے مزید خواتین بھی کوچنگ میں قدم رکھیں گی۔

لیول ون کوچنگ کورس میں شریک خواتین کرکٹرز یہ ہیں۔

عنبرین جاوید(لاہور) آمنہ جاوید(اسلام آباد) اریجہ حسیب(کراچی) اریم برکت(لاہور) عائشہ بلال(لاہور) بشری شاہد(لاہور) گل فیروزہ(ملتان) ہادیہ فیاض(لاہور) حسینہ خوشبو(پشاور) جویریہ خان(ملتان) کائنات حفیظ(لاہور) خالدہ نذیر(راولپنڈی) لائبہ فاطمہ(کراچی) معصومہ جعفری(کراچی) مہوش فاطمہ(لاہور) مہوش ارشاد(ملتان) نیہا جاوید جٹ(لاہور) مزمل نور(بہاولپور) قرۃ العین(لاہور) رابعہ رفیع(ملتان) رامین شمیم(کراچی) سحر نذیر عباسی(راولپنڈی) ثانیہ اشرف(لاہور) شبنم(ملتان) سدرہ نواز (لاہور) سکھن فیض(ملتان) سیدہ عروب شاہ(کراچی) یسری احتشام(کراچی) اور زونیرہ شاہ(کراچی)

-ENDS –

Media and Communications Department
P: +92 (0) 42 111 227 777
E: pcb.media@pcb.com.pk

Commercial Partners

Broadcast & Live Streaming Partners

Pathway Cricket Programme

PCB Headquarters

Gaddafi Stadium, Ferozepur Road Lahore, Pakistan, PO Box 54000
Tel: +92 42 35717231-4

pcb.com.pk | /PakistanCricketBoard | /TheRealPCB | /TheRealPCB | /PakistanCricketOfficial